فباٹی کا وفاقی بجٹ 2026-27 میں صنعتوں اور برآمدات کے لیے خصوصی پیکیج کا مطالبہ

کراچی (لیبر نیوز کامرس اینڈ ٹریڈ ڈیسک) فیڈرل بی ایریا ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (فباٹی) نے وفاقی حکومت پر زور دیا ہے کہ وہ ملکی صنعتی سرگرمیوں کی بحالی اور برآمدات میں اضافہ کے لیے آئندہ بجٹ 2026-27 میں خصوصی پیکیج کا اعلان کرے۔

وزارتِ خزانہ کو ارسال کردہ بجٹ تجاویز میں فباٹی نے نشاندہی کی کہ عالمی کشیدگی اور بڑھتی مہنگائی کے باعث صنعتوں کے لیے چیلنجز بڑھ رہے ہیں۔

فباٹی کے صدر شیخ تحسین نے مطالبہ کیا کہ برآمد کنندگان کے لیے آسان اور مستحکم فائنل ٹیکس ریجیم بحال کی جائے۔

انہوں نے مزید کہا کہ بجٹ میں سیلز ٹیکس ریفنڈ، ایکسپورٹ فیسلیٹیشن اسکیم اور ایڈوانس ٹیکس کے دیرینہ مسائل فوری حل کیے جائیں۔ ایسوسی ایشن کے مطابق، صنعتی بقا کے لیے اب فیکٹریوں میں جدید ٹیکنالوجی، توانائی بچت اور پائیدار ترقی پر مبنی اصلاحات لانا ناگزیر ہو چکا ہے۔